ilmkidunya

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 12 Preparation

Q1. فرقان کے کیا معنی ہے.

Ans 1: فرقان کا معنی ہے حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا. اس سورت کی پہلی آیت میں قرآن مجید کو فرقان قرار دیا گیا ہے. یعنی حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب-

---

Q2. سورۃ ص میں کن انبیاء کرام کا زکر ملتا ہے.

Ans 1: اس سورۃ میں حضرت داؤد علیہ السلام اور ان کے فرزند حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعات کا زکر ملتا ہے.

Q3. قیامت کا دن کیسا ہوگا.

Ans 1: قیامت کے دن انصاف کا ترازو رکھا جائے گا اور کسی کی حق تلفی نہ ہوگی. اگر کسی نے رائی کے دانے کےبرابر بھی کوئی عمل کیا ہوگا اس کا وہ عمل سامنے لایا جائے گا.

Q4. سورۃ یٰسین کا علمی و عملی نکات میں سے دو کو تحریر کریں-

Ans 1: 1- قرآن مجید سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو نصحیت پر عمل کرنے اور اللہ تعالی سے ڈرنے والے ہوتے ہیں- 2- اللہ تعالی کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ہے- وہ جیسے ہی کسی کام کا حکم فرماتا ہے وہ کام فورا ہوجاتا ہے.

Q5. سورہ یٰسین کے دوسرے حصے میں کن باتوں کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ یٰسین کے دوسرے حصے میں اللہ تعالی کی وحدانیت اور نعمتوں اور اس کی قدرتوں کا زکر ہے.

Q6. ہمیں مشکل میں کس کو پکارنا چاہیے.

Ans 1: ہمیں ہر مشکل میں اللہ تعالی کو پکارنا چاہیے اور مشکل سے نکلنے پر اللہ تعالی کا ہی شکر ادا کرنا چاہیے.

Q7. زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے کون نکالتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نہی ہے جو زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے.

Q8. ترجمہ کریں- یفقھوا قولی-

Ans 1: تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں

Q9. سورہ آلفاطرکے مطابق اللہ تعالی کن کو عزت عطا فرماتا ہے.

Ans 1: سورہ الفاطر کے مطابق اللہ تعالی کلمہ توحید کو اختیار کرنے اور نیک اعمالکرنے والوں کو عزت عطا فرماتا ہے.

Q10. سورہ الفاطر کا دوسرا نام کیا ہے.

Ans 1: سورہ الفاطر کا دوسرا نام ملائکہ ہے جو اس سوت کی پہلی آیت میں فرشتوں کا زکر کرنے کی وجہ سے رکھا گیا ہے.